* گنگو کے پاس ایک بڑا ڈبّہ بھی ہے جس میں وہ ۱۲ لڈو پیک کرتا ہے۔ ۶۰ لڈوؤں کو پیک کرنے کے لیے اسے کتنے ڈبوں کی ضرورت پڑے گی؟

## مشق کا وقت



۱) نیلو اپنی کلاس میں ۱۵ کہانی کی کتابیں لائی۔ آج ۴۵ بچے موجود ہیں۔ کتنے بچوں کو ایک کتاب سے پڑھنا پڑے گا؟



۲) ایک ۸ افراد والے خاندان کو ۱ مہینے کے لیے ۶۰ کلو گیہوں چاہیے۔
اس خاندان کو ۱ ہفتے کے لیے کتنا گیہوں چاہیے؟



۳) رضیہ کو ۵۰۰ روپیے کا نوٹ تڑوانا ہے۔ بدلے میں اسے کتنے نوٹ ملیں گے اگر وہ چاہتی ہے۔

(الف) سبھی ۱۰۰ روپیے کے نوٹ؟ ____________

(ب) سبھی ۵۰ روپیے کے نوٹ؟ ____________

(ج) سبھی ۲۰ روپیے کے نوٹ؟ ____________


(د) سبھی ۵ روپیے کے نوٹ؟ ____________

* آپ کو ۷۲ ٹماٹروں کو ۳ ٹوکریوں میں برابر تقسیم کرنا ہے۔ ہر ایک میں کتنے ٹماٹر ہوں گے؟

* ایک ہاتھ گاڑی میں ۳۵۰ اینٹیں ہیں۔ بندو نے دیکھا کہ ایک اینٹ کا وزن ۲ کلو ہے۔ سبھی اینٹوں کا وزن کتنا ہوگا؟

## بچے اور ان کے دادا جی

راشی، سیما، مردول، روہت اور لوکیش نے اپنے دادا جی سے میلے کے لیے پیسے مانگے۔






## ایک طریقہ

راشی اور سیما نے تھوڑی دیر کے لیے سوچا اور بولیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ ۵ ÷ ۷۰ کیسے کرتے ہیں۔

سیما نے لکھنا شروع کیا اور بولی

| | |
|---|---|
| ۱۰ | پہلے میں ۱۰ روپے ہر ایک کو دیتی ہوں |
| ۵ ) ۷۰ | |
| − ۵۰ | اس طرح میں نے بانٹے ۱۰ × ۵ = ۵۰ روپے |
| ۲۰ | ۲۰ روپے ابھی بھی بچے ہیں۔ |

راشی اسے اس طرح پورا کرتی ہے۔ وہ کہتی ہے۔

| | |
|---|---|
| ۱۰ + ۴ | |
| ۵ ) ۷۰ | |
| − ۵۰ | |
| ۲۰ | |
| − ۲۰ | میں ہر ایک کو ۴ روپے زیادہ دیتی ہوں۔ اس طرح میں نے ۲۰ روپے بانٹے۔ |
| ۰ | اب کچھ بھی نہیں بچا۔ اور پورا پیسہ برابر برابر بٹ گیا۔ |

اس طرح ہر ایک ۴ + ۱۰ = ۱۴ روپے پاتا ہے۔

یہ طریقہ در حقیقت اس بارے میں ہے کہ بچے کس طرح تقسیم کرتے ہیں جب وہ کچھ چیزوں کو بار بار بانٹتے ہیں۔ اس کیس میں، وہ پہلے ہر ایک کو ۱۰ روپیہ دے سکتے ہیں اور پھر بقیہ رقم کو دوسرے راؤنڈ میں بانٹیں۔ یہ لوگ ایسا بھی کر سکتے ہیں کہ پہلے راؤنڈ میں وہ ہر ایک کو ۵ روپیہ بانٹیں۔ بچے اس طرح کئی طریقوں سے تقسیم کے عمل کو مکمل کر سکتے ہیں۔ یہ اس طریقہ کی خوبصورتی ہے۔

## دوسرا طریقہ

مردول اور لوکیش ۵ ÷ ۷۰ کو دوسرے طریقہ سے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔



لوکیش لکھتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ۵ + ۶ | ← |
| ۵ ) ۷۰ | |
| − ۲۵ | ← |
| ۴۵ | |
| − ۳۰ | ← |
| ؟ | ← |

پہلے میں ہر ایک کو ۵ روپیے دیتا ہوں۔

میں نے ۵ × ۵ = ۲۵ روپیے بانٹ دیے۔ اگلی بار میں ہر ایک کو ۶ روپیے اور دیتا ہوں۔

میں نے ۳۰ روپیے اور بانٹ دیے۔

اب میرے پاس ______ روپیے بچے ہیں۔

لوکیش باقی بچے ہوئے پیسے کو کیسے بانٹے گا؟ اس کو پورا کیجیے تو ہر بچے کو ____ = ____ + ۶ + ۵ روپیے ملے۔

اپنے جواب کی جانچ کیجیے! اپنے جواب کو ۵ سے ضرب کیجیے اور دیکھیے کہ کیا ۷۰ حاصل ہوا۔ کیا آپ کا جواب صحیح ہے؟



## آپ کا طریقہ

* اب آپ اپنا خود کا طریقہ استعمال کر کے ۷۰ روپیے کو ۵ لوگوں میں برابر بانٹیے۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ہر ایک کو ۲ روپیے دینے سے شروعات کر سکتے ہیں۔ یا پھر آپ ہر ایک کو ۱۱ روپیے دینے سے بھی شروعات کر سکتے ہیں۔

کیا آپ ہر ایک کو ۱۵ روپیے دینے سے شروعات کر سکتے ہیں؟



## اس کو کرنے کی کوشش کیجیے۔

ا) ۵ ) ۶۵ ب) ۸۴ ÷ ۲ ج) ۳ ) ۶۹ د) ۹۰ ÷ ۶

ح) ۴ ) ۷۲ ز) ۹ ) ۱۰۸ و) ۲۳۲ ÷ ۲ ہ) ۲ ) ۴۲۸

(۱) میرا نے ۲۰۴ موم بتیاں بازار میں بیچنے کے لیے بنائیں۔ اس نے ۶ موم بتی کا ایک پیکٹ بنایا۔ وہ کتنے پیکٹ بنائے گی؟




اگر وہ انھیں ۱۲ موم بتی کے پیکٹ میں پیک کرتی ہے تو وہ کتنے پیکٹ بنائے گی۔

(۲) یومِ کھیل کود پر، اسکول کے میدان میں ۱۶۱ بچے ہیں۔ وہ ۷ برابر قطاروں میں کھڑے ہیں۔ ہر ایک قطار میں کتنے بچے ہوں گے؟


## کہانی کے سوالات

سرشٹی کی دادی اسے سوالات قائم کرنے کے لیے کہہ رہی ہیں۔




اب آپ دوسری تصویروں کو دیکھیے اور سرشٹی کی طرح سوال بنانے کی کوشش کیجیے۔

۱۔




یہاں پر راکھی کے ۸ پیکٹ ہیں۔

ہر پیکٹ میں ۶ راکھیاں ہیں۔

آپ کا سوال:

۲۔




یہاں پر شکر کے ۱۰ پیکٹ ہیں

سوربھ نے سبھی پیکٹوں کے لیے ۱۱۰ روپیے ادا کیے۔

آپ کا سوال:

۳۔




یہاں پر ۷ قطاروں میں ۳۵ طالب علم ہیں۔ ہر قطار میں طلبا کی برابر تعداد ہے۔

آپ کا سوال:


۴۔ ہری، سیما، چنکو اور لکشمی گوہاٹی جا رہے ہیں۔

ریل کے ایک ٹکٹ کی قیمت ۶۲ روپیے ہے۔





آپ کا سوال

۵۔ ایک میٹر کپڑے کی قیمت ۲۰ روپیے ہے۔ شیامو نے کچھ کپڑا خریدا اور ۱۴۰ روپیے ادا کیے۔




آپ کا سوال:



# ۱۲ کتنا بھاری؟ کتنا ہلکا؟ (How Heavy? How Light?)

ہیت اور منّو گھر بدل رہے تھے۔ انھوں نے اپنا سارا سامان گھوڑا گاڑی پر چڑھا دیا۔ ان میں بہت ساری چیزیں تھیں جیسے ایک پانی کی ٹنکی، پانچ گیہوں کے بورے، تین میزیں، ایک الماری، چار کرسیاں، دو گدّے، تین بوری چاول، ایک بانس کی سیڑھی، برتن اور پتیلے وغیرہ۔

جب وہ آگے بڑھنے کے لیے بالکل تیار تھے تو گھوڑے نے چلنے سے انکار کر دیا۔ انھیں تعجب ہوا کہ ایسا کیوں ہوا۔ ان کے والد نے کہا کہ یہ گھوڑا بیمار ہے اور ۷۰۰ کلوگرام سے زیادہ بھاری بوجھ نہیں کھینچ سکتا۔ اوہ! مگر اس سامان کا پورا وزن کیا ہے؟ انھوں نے پوچھا۔




والد صاحب نے انھیں لادی گئی چیزوں کے وزن کے بارے میں کچھ بتایا۔

| لادا گیا سامان | وزن |
|---|---|
| گیہوں کا ایک بورا | ١٠٠ کلوگرام |
| چاول کا ایک بورا | ٣٥ کلوگرام |
| پانی کی ٹنکی | ٥٠ کلوگرام |
| الماری | ٧٠ کلوگرام |
| میز | ١٠ کلوگرام |
| کرسی | ٥ کلوگرام |
| گدّا | ٢٠ کلوگرام |
| بانس کی سیڑھی | ١٠ کلوگرام |
| پتیلے اور برتن | ١٠ کلوگرام |

* ان کے ذریعہ گاڑی پر لادے گئے کل وزن کا پتا لگائیے۔

اب انھوں نے کچھ چیزوں کو گاڑی سے ہٹانے کا فیصلہ کیا۔

* کون سی چیزیں ہٹانی چاہئیں جس سے سامان کا وزن ٧٠٠ کلوگرام سے زیادہ نہ رہے؟



وہ چیزیں جو گاڑی پر لادی گئی ہیں بہت بڑے سائز کی ہیں اور بہت بھاری بھی ہیں۔ ایسی بھاری اور بڑی چیزوں کا وزن تولنے کے لیے ہمیں ایک بڑے ترازو کی ضرورت ہے۔

مگر ہیت اور منّو خود اپنا ترازو بنانا چاہتے ہیں۔ انھوں نے کچھ چیزیں اکٹھا کیں۔ جیسے ایک لکڑی، دو ڈھکّن اور ایک موٹا دھاگا۔ انھوں نے یہ ترازو بنایا۔



* اب آپ بھی اپنا ترازو بنائیے۔ لکھیے کہ آپ نے اسے کیسے بنایا۔
اس ترازو کی ایک تصویر نیچے دیئے گئے باکس میں بنائیے۔

## سرگرمی

منّو اور ہیت نے ترازو کے دونوں پلڑوں میں ایک پینسل اور ایک جیومیٹری باکس رکھا۔ کون سا پلڑا نیچے جائے گا؟ اور کیوں؟ اسے دکھانے کے لیے ایک تصویر بنائیے۔





## کون زیادہ بھاری ہے؟

* مختلف چیزوں کے جوڑے بنائیے اور ترازو کے استعمال سے یہ طے کیجیے کہ کون سی چیز زیادہ بھاری ہے۔ پہلے اندازہ لگائیے کہ کون سی چیز پلڑے کو نیچے لے جائے گی اور پھر اپنے ترازو سے جانچیے۔

## سب سے بھاری کیا ہے؟

* تین چیزوں کے گروپ بنائیے۔ مثال کے طور پر۔ ربر، گیند اور کاغذ۔ انھیں سب سے ہلکے، درمیانی وزن کے اور سب سے بھاری کی ترتیب میں رکھنے کے لیے ترازو کا استعمال کیجیے۔ جدول کو کم از کم تین مثالیں دے کر پورا کیجیے۔

| سب سے ہلکا | درمیانی وزن کا | سب سے بھاری |
|---|---|---|
| کاغذ | ربر | گیند |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

* کیا آپ اس ترازو کے استعمال سے اپنا وزن جان سکتے ہیں۔

وہ ترازو جو بچے بنائیں گے وہ بہت صحیح تو نہیں ہوگی مگر وہ مختلف وزنوں کا ایک دوسرے سے موازنہ کرنے کے لیے مناسب ہوگی۔

## وزن بنانا

اس سرگرمی کو جوڑے میں کیجیے۔ آپ کو ایک ترازو، باٹ، ایک صابن کی ٹکیہ، پلاسٹک کے پیکٹ، بالو اور ربر بینڈ کی ضرورت ہے۔ آپ کسی بزرگ کی مدد بھی لے سکتے ہیں۔

صابن کی ایک نئی ٹکیہ لائیے۔ جس کے پیکٹ پر اس کا وزن لکھا ہو۔ آپ اس صابن کو اپنے لیے الگ الگ باٹ بنانے میں استعمال کر سکتے ہیں۔




صابن کا وزن ________ گرام (g) ہے۔

ایک چھوٹا پلاسٹک کا پیکٹ لیجیے۔

اسے ترازو کے ایک پلڑے پر رکھیے۔ صابن کو دوسرے پلڑے پر رکھیے۔

دھیرے دھیرے پیکٹ میں بالو ڈالیے جب تک کہ پلڑے برابر نہ ہو جائیں۔




پیکٹ کو ایک ربر بینڈ یا دھاگے سے بند کر دیجیے۔ اب اس پر کاغذ کی ایک پٹی چپکائیے اور اس پر ________ گرام لکھیے۔

اگر آپ صابن اور باٹ کو ایک ساتھ ترازو کے پلڑے میں رکھیں تو ان دونوں کا وزن کتنے گرام ہوگا؟ ________




اب مختلف باٹ بنائیے۔ ۱۵۰ گرام، ۲۰۰ گرام اور ۲۵۰ گرام کے۔ اس کے لیے آپ الگ الگ وزن کے صابن کی ٹکیاں استعمال کر سکتے ہیں۔





اس کے علاوہ ۵۰۰ گرام، ۱۰۰۰ گرام اور ۷۵۰ گرام کے کچھ بڑے باٹ بھی بنائیے۔

* اپنے باٹوں کو مختلف چیزوں کا وزن کرنے کے لیے استعمال کیجیے اور انھیں اپنی کاپی میں درج کیجیے۔

## مشق کا وقت

* ترازو کا کون سا پلڑا نیچے جائے گا؟ ایک تیر کا نشان بنا کر دکھایئے۔




* کیا کسی پلڑے کا وزن ۱ کلوگرام کے برابر ہے؟ نشان لگایئے۔

* ۱ کلو گرام (kg) میں کتنے گرام ہوتے ہیں؟



## گرام (g) اور کلوگرام (kg)

ایسی ۵ چیزوں کے نام بتایئے جنھیں ہم عام طور پر خریدتے ہیں۔

| کلوگرام (kg) میں | گرام (g) میں |
|---|---|
| ۱۔ | ۱۔ |
| ۲۔ | ۲۔ |
| ۳۔ | ۳۔ |
| ۴۔ | ۴۔ |
| ۵۔ | ۵۔ |



## کون زیادہ بھاری ہے؟



## دنیش خریداری کرنے گیا

دنیش ایک دُکان پر گیا اور کچھ چیزیں خریدی۔

اس کے چھوٹے بھائی نے بل کا وہ سرا کاٹ دیا جس پر وزن لکھے تھے۔

* اس کی لائی ہوئی چیزوں کے وزن کا اندازہ g یا kg میں لگایئے اور لکھیے۔



| سامان | وزن | |
|---|---|---|
| چاول | ۵ | |
| چینی | ۱ | |
| سرسوں کے بیج | ۱۰ | |
| گیہوں | ۳ | |
| دال | ۵۰۰ | |
| چائے | ۲۵۰ | |
| کالی مرچ | ۲۵ | |

## کار اور ٹریکٹر




ریتو اپنے کھلونے تول رہی ہے۔ وہ جاننا چاہتی ہے کہ اس کا ٹریکٹر اس کی گاڑی سے بھاری ہے یا نہیں۔ یہ جلدی پتہ کرنے میں آپ اس کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

اندازہ لگایئے کہ ایک اصلی کار، بس یا پھر ٹریکٹر میں سے سب سے بھاری کون ہے؟

آپ نے اب تک کون سی سب سے بھاری چیز دیکھی ہے؟




## ہاتھی کا وزن

ایک بار ایک راجا کے پیٹ میں درد ہوا۔ محل کا کوئی بھی ڈاکٹر اس کے درد کو ٹھیک نہیں کر سکا۔

تب راجا نے کہا:




یہ سن کر پورے ملک سے ڈاکٹر آئے۔ لیکن صرف ڈاکٹر ویدیکا اسے ٹھیک کر سکیں۔



مگر، لالچی راجا اسے سونا نہیں دینا چاہتا تھا۔
اس لیے اس نے ایک ترکیب سوچی





ویدیکا جب گھر پہنچی تو وہ ناخوش تھی۔ اس نے اپنی بیٹی کو پوری کہانی سنائی۔





دوسری صبح، ڈاکٹر ویدیکا نے راجا کو ندی کے نزدیک بلایا راجا ایک ہاتھی اور بڑی ناؤ کے ساتھ آیا۔





ویدیکا کی بیٹی ندی میں اُتری۔ اس نے ناؤ پر نشان لگایا کہ وہ پانی میں کتنی ڈوبتی ہے۔

اس کے بعد اس نے ہاتھی کو ناؤ میں لانے کو کہا۔ ناؤ زیادہ گہرائی میں ڈوب گئی۔ پھر اس نے ناؤ پر پانی کی اس نئی سطح کا نشان لگا دیا۔



اب اندازہ لگایئے کہ آگے کیا ہوا ہوگا، اور کہانی کو پورا کیجیے۔ اپنے دوستوں سے بحث کیجیے کہ ویدیکا کی بیٹی نے ہاتھی کا وزن کیسے معلوم کرلیا۔



## کرسی کا وزن کتنا ہے

انامیکا اس وزن کرنے والی مشین کی مدد سے کرسی تولنا چاہتی ہے۔



کیا آپ اس کے لیے کوئی طریقہ بتا سکتے ہیں۔

## ٹوٹے ہوئے پتھر

عبدو جلنے والی لکڑی بیچتا ہے۔ اس کی دُکان میں ایک پتھر ہے۔ جس کا وزن 13 کلو گرام تھا۔ وہ اسے لکڑی تولنے کے لیے استعمال کرتا تھا۔





ایک دن وہ پتھر گر گیا اور ٹوٹ کر تین حصوں، جن کا وزن ۲ کلو گرام، ۵ کلو گرام اور ۶ کلو گرام تھا، میں بٹ گیا




مگر عبدو بہت ہوشیار تھا۔ وہ ان تین ٹکڑوں سے ہر وزن کی لکڑی کو تولنے لگا جو          سے لے کر ۱۳ کلو گرام تک ہیں۔

یہاں پر دیا گیا ہے کہ کس طرح عبدو ۱ کلو گرام لکڑی تولتا ہے۔



* اب آپ دکھائیے کہ ان پتھروں کے استعمال سے عبدو کس طرح ان وزنوں کو تولے گا۔




الف) ۴ کلوگرام جلنے والی لکڑی



ب) ۳ کلوگرام جلنے والی لکڑی



ج) ۷ کلوگرام جلنے والی لکڑی



## ڈاک گھر




کیا آپ کبھی کسی ڈاک گھر گئے ہیں؟__________

لوگ وہاں پر کون کون سے کاموں کے لیے جاتے ہیں؟

ایک پوسٹ کارڈ کی کیا قیمت ہوتی ہے؟__________

ایک اندرونِ ملک خط کتنے کا ہوتا ہے؟__________




### ڈاک کی قیمتیں

INDIA POST

| ڈاک کی چیزیں | ڈاک کی قیمت (روپیے میں) |
|---|---|
| ایک پوسٹ کارڈ | ۵۰ روپے |
| چھپا ہوا پوسٹ کارڈ | ۶ روپے |
| انتر دیشی خط | ڈھائی روپے |
| لفافے کا وزن | |
| (i) ۲۰ گرام یا اس سے کم | ۵ روپے |
| (ii) ہر اضافی ۲۰ گرام کے لیے | ۲ روپے |
| پارسل کے وزن | |
| (i) ۵۰ گرام یا اس سے کم | ۵ روپے |
| (ii) ہر اضافی ۵۰ گرام کے لیے | ۳ روپے |




چارٹ میں دیئے گئے ڈاک کی قیمت کو دیکھیے۔

۱۔ ایک ۵۰ گرام وزن والے خط کے لیے آپ کتنے پیسے ادا کریں گے؟__________

۲۔ آکاش 'ریاضی کا جادو' کتاب پارسل کے ذریعہ اپنی دوست رانی کو چنئی بھیجنا چاہتا ہے۔ کتاب کا وزن ۲۰۰ گرام ہے چارٹ دیکھ کر بتایئے کہ کتاب بھیجنے میں کتنا خرچ آئے گا۔__________

۳۔ تصویر میں دیے گئے وزن کو پڑھیے۔ اس وزن کے پارسل کو بھیجنے میں آنے والے خرچ کو معلوم کیجیے۔




پارسل کا وزن = ________

ٹکٹ کی قیمت = ________

## کتنے ٹکٹ؟



راہل کو پارسل کے لیے ۲۵ روپیے کا ٹکٹ چاہیے۔ وہ ڈاک گھر گیا۔ اس وقت وہاں صرف ۱ روپیے، ۲ روپیے ۵ روپیے اور ۱۰ روپیے کے ٹکٹ موجود تھے۔ ۲۵ روپیے کے لیے کتنے الگ الگ طرح سے ٹکٹ لیے جا سکتے ہیں۔

کیا آپ ایسے پانچ طریقے دکھا سکتے ہیں؟ وہ سب سے بھاری پارسل کیا ہے جسے وہ ۲۵ روپیے کا ٹکٹ استعمال کر کے بھیج سکتا ہے؟

### ہمارا وزن ایک ساتھ

ایک مینڈک ایک کوّے کے منہ سے نکلنے کے لیے جدوجہد کر رہا تھا۔ میں کس طرح بچ سکتا ہوں؟ مینڈک نے سوچا۔ اچانک اس کے دماغ میں ایک خیال آیا۔ اس نے کوے سے پوچھا کیا تم حساب میں اچھے ہو؟ اگر ہاں، تو میں تم سے ایک سوال پوچھتا ہوں۔



تمہارا وزن ۶۵۰ گرام ہے اور میں صرف ۱۴۵ اگرام کا ہوں۔

ہم دونوں کا وزن ایک ساتھ کتنا ہوگا؟

کوّا حساب میں اچھا تھا، اس لیے اس نے خوشی سے جواب دینے کے لیے اپنی چونچ کھول دی۔

اس کے بعد کیا ہوا؟ تو کیا تھا وہ جواب جو کوّا دینا چاہتا تھا؟ ________

## کیا میں فِٹ ہوں یا ہوں؟


اس چارٹ میں ۶ اور ۱۰ سال کے بیچ کی عمر کے بچوں کی لمبائی اور وزن دیا ہوا ہے۔





| نام | عمر | لمبائی | وزن |
|---|---|---|---|
| تیمشولا | ۶ | ۳ فِٹ، ۷ انچ | ۱۶ کلوگرام |
| شریکنتھ | ۱۰ | ۴ فِٹ، ۳ انچ | ۲۳ کلوگرام |
| رابعہ | ۶ | ۳ فِٹ، ۱۰ انچ | ۱۷ کلوگرام |
| وِنیت | ۸ | ۳ فِٹ، ۱۱ انچ | ۱۹٫۵ کلوگرام |
| کویتا | ۹ | ۳ فِٹ، ۱۳ انچ | ۲۰ کلوگرام |

اب، آپ بھی اس ٹیبل کو اپنے پانچ دوستوں کی عمر، لمبائی اور وزن کا پتا لگا کر بھریے۔




| نام | عمر | لمبائی | وزن |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |





# پہیلی


## کتنے سنترے؟

سبھی سنتروں کا وزن برابر ہے۔ دونوں پپیتوں کا وزن بھی برابر ہے۔ پہلے اور دوسرے ترازوؤں میں برابر وزن ہے۔

تیسرے ترازو میں کتنے سنترے اس وزن کے برابر ہوں گے۔









## کنچے تلاش کیجیے۔

ایک ہی سائز کے تین کنچے ہیں مگر ایک کا وزن باقی دونوں سے تھوڑا بھاری یا ہلکا ہے۔ کیا آپ تلاش کر سکتے ہیں کہ وہ کنچہ کون سا ہے اور وہ بھاری ہے یا ہلکا؟ آپ صرف دو بار ترازو کا استعمال کر سکتے ہیں۔




# ۱۳ کھیت اور باڑ (Fields & Fences)

4409CH13

رحمت ایک کسان ہے۔ وہ اپنے کھیت میں گیہوں اُگاتا ہے۔




رحمت کو اپنے کھیت کے محیط کی لمبائی معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔ کیا آپ اس تصویر سے اسے معلوم کر سکتے ہیں؟ ہر کنارے پر لکھی ہوئی اس کی لمبائی کو دیکھیے۔








رحمت نے باڑ کے لیے ۷۰ میٹر کا تار کا گولا خریدا






رحمت نے گنپت کو کتنا تار دیا؟





گنپت نے رحمت کا شکریہ ادا کیا اور اپنے کھیت میں باڑ لگانی شروع کردی۔ مگر اسے اور تار لانے کی ضرورت پڑی۔

* گنپت کے کھیت کا محیط کتنا ہے؟________________
* اپنے کھیت کے لیے گنپت کو اور کتنے تار کی ضرورت ہے؟________________

## مشق کا وقت


1۔ یہاں کچھ اور کھیتوں کی تصویریں ہیں۔ معلوم کیجیے کہ ان میں سے کس کے محیط کی لمبائی سب سے زیادہ ہے؟

الف)





محیط = ________ میٹر

ب)





محیط = ________ میٹر

ج)




محیط = ________ میٹر

د)




محیط = ________ میٹر

2۔ چندو کے والد گاؤں میں 'نوجوان بزرگ' کے نام سے پکارے جاتے ہیں۔ 70 سال کی عمر میں وہ پوری طرح تندرست ہیں۔ کیا آپ اس کا راز جانتے ہیں؟ وہ ہر صبح کھیت کے چاروں طرف ٹہلنے جاتے ہیں۔ ہر روز وہ چندو کے کھیت کے چار چکر لگاتے ہیں۔




* وہ کل کتنی دوری طے کرتے ہیں؟

کلومیٹر(km) ______ = میٹر (m) ______ = ______ × ۴

۳۔ گنپت کی بیوی ایک درزی کی دُکان میں کام کرتی ہے۔ اسے ایک میز پوش کے چاروں طرف جھالر لگانی ہے۔

اس نے ۱۰۰ میٹر جھالر کا ایک گولا خریدا۔

* میز پوش کی تصویر کو دیکھیے اور بتایئے کہ ایک میز پوش میں کتنی جھالر لگے گی۔







* ایسے تین میز پوشوں میں کتنی جھالر لگے گی؟

* گولے میں کتنی جھالر بچے گی؟

## سرگرمی

ا۔ ان شکلوں کے محیط کی لمبائی معلوم کیجیے (اشارہ: آپ دھاگا استعمال کر سکتے ہیں۔)




ان مربعوں کو گن کر معلوم کیجیے:

- ہر ایک شکل میں کتنے مربعے ہیں؟
- کون سی شکل سب سے کم مربعوں کو گھیرتی ہے؟
- کون سی شکل سب سے زیادہ مربعوں کو گھیرتی ہے؟

۲۔ ایک ۲۰ سینٹی میٹر لمبا دھاگا لیجیے۔ اس کے سروں کو ملا کر مختلف شکلیں بنائیے۔ اگلے صفحے کے خانے دار کاغذ پر انھیں رکھ کر معلوم کیجیے۔




- ہر شکل میں کتنے مربعے ہیں؟
- کون سی شکل سب سے بڑی ہے؟
- کون سی شکل سب سے چھوٹی ہے؟
- ہر ایک شکل کے محیط کی لمبائی کتنی ہے؟

طلبا سے ان مربعوں کو گننے کو منع کیجیے جو آدھے سے کم ہیں اور ان مربعوں کو گننے کے لیے کہیے جو آدھے سے زیادہ ہیں۔ اس سے انھیں ''دائرے کے عمل'' کا اِدراک حاصل ہوگا۔

۳۔ دو مربعوں کو جوڑ کر آپ کتنی الگ الگ شکلیں بنا سکتے ہیں؟ نیچے دیے گئے خانے دار کاغذ پر انھیں بنائیے۔ ہر شکل کے محیط کی لمبائی کتنی ہے؟






اس عمل کو تین مربعوں کی مدد سے بھی کیجیے۔

## مشق کا وقت

۱۔ ایک مربعے کا محیط ۱۲ سینٹی میٹر ہے۔

الف) اس مربع کے کنارے سے ایک چھوٹا مربع جس کا ایک ضلع ۱ سینٹی میٹر کا ہے، کاٹیے۔ کیا B کا محیط کم یا زیادہ ہو جاتا ہے اس کی لمبائی معلوم کیجیے۔

ب) اگر آپ اس میں سے ۱ سینٹی میٹر کا مربع کاٹ کر C شکل حاصل کریں تو C کے محیط کی لمبائی کتنی ہوگی؟






مربع نئی شکل

۲ (الف) مربع D کے محیط کی لمبائی معلوم کیجیے۔

(ب) مربع D میں سے ۱ سینٹی میٹر کے کنارے والے ۸ مربعے کاٹیے۔ اب یہ شکل E کی طرح دکھائی دیتی ہے۔ شکل E کے محیط کی لمبائی کتنی ہے؟






(ج) اس کا محیط ہے  + ______ + ______ + ______


کیا ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ محیط ۱ × ۴ سینٹی میٹر ہے؟

۳۔ ایک ہاکی کا میدان ۹۱ میٹر ۴۰ سینٹی میٹر لمبا اور ۵۵ میٹر چوڑا ہے؟ میدان کے محیط کی لمبائی کیا ہے؟

۴۔ اوشا اور ولسما دوڑ لگا رہی ہیں۔ اوشا اندرونی دائرے میں دوڑ رہی ہے۔ ولسمّا باہری دائرے میں دوڑ رہی ہے۔





ولسما، اوشا سے تیز دوڑتی ہے۔ لیکن پھر بھی وہ دوڑ ہار جاتی ہے۔ کیا آپ سوچ سکتے ہیں کہ ایسا کیوں ہوا؟




کیا آپ نے کوئی ایسی دوڑ دیکھی ہے جہاں دوڑنے والے الگ الگ جگہوں سے شروعات کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس تصویر میں دکھایا گیا ہے؟ سوچیے کہ ایسا کیوں؟

## اسکول کا باغ

درجہ ۳ اور ۴ کے بچوں نے سبزی کا باغیچہ بنانے کے لیے سوچا۔ انھوں نے ایک جگہ کا انتخاب کیا جو ایسی لگتی تھی۔




دونوں کلاسوں کے طلبا سوچ رہے تھے کہ باغیچہ بڑا ہے اس لیے دونوں باغیچہ لینا چاہتے تھے۔ اچانک نیتو نے کہا۔




* نیتو کو کیسے معلوم ہوگا کہ دونوں باغیچے برابر ہی بڑے ہیں؟




## سرگرمی!

۱۔ اپنی کلاس کی میز کو دیکھیے۔ اندازہ لگایئے کہ کتنی 'ریاضی کا جادو' کتابیں آپ اس پر رکھ سکتے ہیں۔ (یاد رکھیے کہ کتابیں ایک دوسرے پر نہیں چڑھنی چاہئیں۔ کتابوں کے درمیان کوئی جگہ نہیں چھوٹے)۔

اپنا اندازہ یہاں لکھیے۔ ____________

اب جانچ کیجیے کہ آپ کا اندازہ صحیح ہے یا نہیں۔

آپ کتنی کتابیں رکھ پائے؟ ____________

آپ کے اندازے اور کتابوں کی حقیقی تعداد میں کتنا فرق ہے؟ ____________

۲۔ اب دوسری میز کو دیکھیے۔

الف) کیا یہ میز پہلے والی سے بڑی ہے؟ ہاں/نہیں

ب) اندازہ لگایئے کہ کتنی 'ریاضی کا جادو' کتابیں اس میز پر رکھی جا سکتی ہیں۔ ____________

ج) جانچ کیجیے کہ کیا آپ کا اندازہ صحیح ہے—

کتنی ریاضی کا جادو کتابیں آپ رکھ پائے؟ ____________

د) دونوں میزوں کی ناپوں میں فرق ____________ کتابوں کا ہے۔


۳ الف) 'ریاضی کا جادو' کی کتنی کتابیں اخبار کے ایک صفحے سے ڈھکی جا سکتی ہے؟

ب) اپنی 'ریاضی کا جادو' کی کتاب کو اخبار کے آدھے صفحے سے ڈھکنے کی کوشش کیجیے۔

ج) کیا آپ اپنی کتاب کو ایک چھوٹے صفحے سے ڈھک سکتے ہیں؟

د) وہ چھوٹے سے چھوٹا صفحہ تلاش کیجیے جس سے آپ کی کتاب ڈھک سکے۔ جانچیے کہ کیا آپ کے دوست نے آپ کے صفحے سے چھوٹا صفحہ استعمال کیا ہے۔

۴ الف) اس تصویر میں سب سے بڑی پتّی کون سی ہے؟




ب) باغ سے کچھ پتیاں اکٹھا کیجیے۔ ان سبھی کو اس خانے دار شیٹ پر رکھیے۔ اور ان کے خاکے اُتاریئے اور جانچیے کہ ہر پتی کے اندر کتنے مربعے آئے ہیں۔

ج) کون سی پتّی سب سے بڑی ہے؟

د) کون سی پتّی سب سے چھوٹی ہے؟


۵ الف) اس بڑے ہرے مربعے میں 1 سینٹی میٹر سائز کے کتنے چھوٹے مربعے ہیں؟

ب) کیا آپ کوئی اور تیز طریقہ سوچ سکتے ہیں جس میں آپ ہر ایک کو گنے بغیر کل مربعوں کی تعداد معلوم کر سکیں۔



٦۔ اندازہ لگائیے کہ اس نیلے مربعے میں ایک سینٹی میٹر کے کتنے مربعے آجائیں گے۔







اپنے اندازے سے یہاں لکھیے۔ ______________________

اپنے اندازے کی جانچ اسے چھوٹے مربعوں سے بھر کر کیجیے۔

۷۔ تصویر دیکھیے۔ کیا آپ اسے ۴ برابر حصوں میں بانٹ سکتے ہیں؟ ہر حصّے میں مربعوں کی برابر تعداد ہونی چاہیے۔






## پہیلی: ایک گھر اور ایک کنواں

راگھون کے پاس زمین کا ایک ٹکڑا ہے۔

اس زمین پر ۴ گھر ہیں اور اس کے بیچ میں ایک کنواں ہے۔ وہ اس زمین کو اپنے چار بچوں میں برابر برابر بانٹنا چاہتا ہے۔ ہر ایک کو ایک گھر ملنا چاہیے اور ہر کوئی اس کنوئیں کو بنا کسی کی زمین پر داخل ہوئے استعمال کرے۔ کیا زمین بانٹنے میں آپ اس کی مدد کر سکتے ہیں؟

ہر ایک کے حصّے کو الگ رنگ سے دکھائیے۔



# ۱۴ دلچسپ چارٹ (Smart Charts)

4409CH14

## کتنے گھنٹے؟

ہم سبھی ٹیلی ویژن دیکھنا یا ریڈیو سننا پسند کرتے ہیں۔



اس میں ہم کتنا وقت خرچ کرتے ہیں؟

- ہر دن اپنے ٹی وی اور ریڈیو کے سامنے صرف ہونے والے وقت کو درج کیجیے۔ ایسا ایک ہفتے کے لیے کیجیے۔ ایک ہفتے میں صرف ہونے والا وقت __________ گھنٹے ہے۔

تو ایک مہینے میں آپ نے تقریباً ۳۰ × __________ = __________ گھنٹے صرف کیے۔

- اپنے دوستوں سے دریافت کیجیے کہ وہ ایک ہفتے میں کتنا وقت صرف کرتے ہیں۔




| وہ کتنے گھنٹے ٹی وی دیکھتے ہیں یا ریڈیو سنتے ہیں (ایک ہفتے میں) | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| ۶ گھنٹے سے زیادہ | |
| ۶ گھنٹے | |
| ۵ گھنٹے | |
| ۴ گھنٹے | |
| ۳ گھنٹے | |
| ۲ گھنٹے | |
| ۱ گھنٹہ | |
| صفر گھنٹہ (نہیں دیکھتے) | |

## آپ کے جدول سے

ٹی وی دیکھنا/ ریڈیو سننا............

- ________ بچے ہفتے میں ۶ گھنٹے سے زیادہ صرف کرتے ہیں۔
- ________ بچے کوئی وقت نہیں صرف کرتے۔
- زیادہ تر بچے ایک ہفتہ میں ________ گھنٹے صرف کرتے ہیں۔
- ________ بچے ۳ سے زیادہ گھنٹے صرف کرتے ہیں۔

## کون سا پروگرام؟

ٹی وی اور ریڈیو پر بہت سارے پروگرام آتے ہیں مثلاً کارٹون، خبریں، کھیل کود، موسیقی، ناٹک، سیریل۔ جوہی کے والد کو سیریل دیکھنا پسند ہے۔ اس کی ماں کو کھیل کود پسند ہے۔ جوہی کو خبروں کے پروگرام پسند ہیں۔

۱) اپنے کنبہ کے لوگوں سے پوچھیے کہ ان کے پسندیدہ ایک پروگرام کا نام کیا ہے اور ایک غیر پسندیدہ پروگرام کا نام کیا ہے۔ ایک جدول بنائیے۔

| گھر کے افراد | وہ پروگرام جو انھیں پسند ھے | وہ پروگرام جو انھیں پسند نھیں ھے |
|---|---|---|
| ماں | | |
| باپ | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

پروگرام کی وہ قسم جو گھر کے زیادہ تر افراد کو پسند ہے۔ ________

پروگرام کی وہ قسم جو گھر کے زیادہ تر افراد کو ناپسند ہے۔ ________

۲) اپنے ۲۰ دوستوں سے ان پروگراموں کو معلوم کیجیے جو انھیں پسند ہیں اور ناپسند ہیں اور انھیں جدول میں درج کیجیے۔

| پروگرام کی قسم | اسے پسند کرنے والے بچوں کی تعداد | اسے ناپسند کرنے والے بچوں کی تعداد |
|---|---|---|
| خبریں<br>سیریل<br>کارٹون<br>مزاحیہ پروگرام<br>کھیل کود | | |

- کس طرح کے پروگرام زیادہ تر بچوں کو پسند ہیں؟
- کس طرح کے پروگرام سب سے کم بچے ناپسند کرتے ہیں؟
- کتنے بچوں کو کھیل کود والے پروگرام پسند ہیں؟
- کیا کوئی ایسا پروگرام ہے جو کوئی بھی پسند نہیں کرتا؟

ہاں/نہیں۔ اگر ہاں، تو کون سا؟ ________________

## میرا دوست کون ہے؟



میرے ساتھ ہمیشہ میرا ایک دوست رہتا ہے،
راتوں میں اور سارے دن
جب میں دوڑتا ہوں تو وہ میرے ساتھ دوڑتا ہے،
کبھی میں آگے ہو جاتا ہوں، کبھی وہ۔
جب اندھیرا ہوتا ہے تو اسے دیکھا نہیں جا سکتا،
کیا آپ جانتے ہیں میں کس دوست کے بارے میں کہہ رہا ہوں؟

❖ نظم کو دھیان سے پڑھیے اور ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

الف ) نظم میں کون سا لفظ سب سے زیادہ آیا ہے؟

ب ) کس حرف کا سب سے زیادہ استعمال ہوا ہے؟

ج ) کون سا حرف سب سے کم بار آیا ہے؟

❖ اپنی زبان کی کتاب سے اپنی پسند کا ایک پیراگراف لیجیے۔ دھیان سے پڑھیے اور معلوم کیجیے:

الف) کون سا لفظ کئی بار آتا ہے؟____________

کتنی مرتبہ؟____________

ب) کون سا لفظ سب سے کم بار آتا ہے؟____________

ج ) سب سے زیادہ استعمال ہونے والا حرف ہے ____________

د ) سب سے کم استعمال ہونے والا حرف ہے۔____________

## وہ کھانا جو ہم کھاتے ہیں۔

بچے اُن چیزوں کے بارے میں بات کر رہے تھے جو وہ صبح کھاتے ہیں اور جو چاول، گیہوں، مکّے اور جو وغیرہ کی بنی ہوتی ہیں۔



اپنے کلاس کے ساتھیوں سے معلوم کیجیے اور جدول میں بھریے۔

| خاص کھانا | افراد کی تعداد |
|---|---|
| چاول | |
| گیہوں | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


جدول دیکھیے اور بتائیے۔

- زیادہ تر بچے جو کھانا کھاتے ہیں وہ بنا ہوتا ہے ________ سے۔
- موازنہ کیجیے کہ چاول کھانے والے بچے گیہوں کھانے والوں سے زیادہ ہیں/کم ہیں/ برابر ہیں۔
- موازنہ کیجیے گیہوں کھانے والے بچے راگی کھانے والوں سے زیادہ ہیں/کم ہیں۔

## کلاس میں ڈرامے کی تیاری

کلاس کے سبھی بچے ڈرامے کے لیے تیار ہورہے ہیں۔ کچھ بچے ایکٹنگ کر رہے ہیں۔ کچھ کپڑے اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں۔ کچھ سیٹ تیار کرنے کے لیے کرسیاں اور میزیں لا رہے ہیں۔







الف ) ڈرامے میں کتنے بچے ایکٹنگ کر رہے ہیں؟

ب ) کون زیادہ ہیں۔ سیٹ بنانے والے بچے یا پھر ایکٹنگ کرنے والے؟

ج ) کون سا کام سب سے زیادہ بچے کر رہے ہیں؟

د ) کتنے بچے کپڑے اکٹھا کر رہے ہیں؟

## کس کا سر بڑا ہے؟




بیکار کاغذ سے ایک لمبی پٹی کاٹیے۔

اپنے ہر دوست کو ایک ایک پٹّی دیجیے۔

اب کاغذ کی پٹی کو اپنے سر پر لپیٹیے اور باقی بچی پٹی کو پھاڑ دیجیے۔ ایک بڑے کاغذ پر اِن کاغذ کی پٹیوں کو ایک لائن سے چپکائیے۔

کچھ بچوں نے اپنی پٹیاں چپکا کر ایک چارٹ بنایا، اس طرح سے




آپ کا چارٹ بھی ایسا ہی نظر آنا چاہیے۔

❖ ایک پیمانے کا استعمال کر کے اپنے چارٹ سے معلوم کیجیے:


سب سے لمبی پٹی کی لمبائی ہے ______ سینٹی میٹر۔ اس لیے ________ کا سر سب سے بڑا ہے۔

سب سے چھوٹی پٹی ________ سینٹی میٹر لمبی ہے۔ یہ ________ کی ہے۔

## چپاتی چارٹ (پائی چارٹ)

اسکول میں سبھی بچے مختلف کلبوں میں حصہ لیتے ہیں۔






''چپاتی'' چارٹ مختلف کلبوں میں بچوں کی تعداد کو دکھاتا ہے

تصویر میں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ:

الف) کلاس کے آدھے بچے کھیل کود کے کلب میں حصہ لیتے ہیں۔

ب) ایک چوتھائی بچے باغ کے کلب کے ارکان ہیں۔

ج) ڈرائنگ کلب میں کلاس کے ایک چوتھائی بچے ہیں۔


اگر اسکول میں ۲۰۰ بچے ہیں، تو اوپر دیے ہوئے چپاتی چارٹ کو دیکھ کر ہر کلب کے ممبروں یا ارکان کی تعداد بتایئے۔

- کھیل کود کے کلب میں ________ ممبر ہیں۔
- باغ کے کلب میں ________ ممبر ہیں۔
- ڈرائنگ کلب میں ________ ممبر ہیں۔

## بارش میں بھیگ جانا

کون بارش میں بھیگنا پسند کرتا ہے؟ ایک بچے نے اپنے ساتھیوں سے پوچھنے کے بعد اسکا چپاتی چارٹ بنایا۔






چپاتی چارٹ دیکھیے اور بتایئے۔

۱) کتنے بچے بارش میں بھیگنا پسند کرتے ہیں؟

الف) آدھے　　ب) ایک چوتھائی　　ج) تین چوتھائی

۲) کتنے بچے بارش میں بھیگنا پسند نہیں کرتے؟

الف) آدھے　　ب) ایک چوتھائی　　ج) تین چوتھائی

اگر کلاس میں بچوں کی تعداد ۲۸ ہے، تو ان بچوں کی تعداد بتایئے :

- جو بارش میں بھیگنا پسند کرتے ہیں۔
- جو بارش میں بھیگنا پسند نہیں کرتے ہیں۔

## چائے، کافی یا دودھ

کچھ بچوں سے پوچھا گیا کہ انھیں چائے، کافی اور دودھ میں سے کیا پسند ہے۔



| ان کی پسندیدہ پینے کی چیز | بچوں کی تعداد |
|---|---|
| دودھ | ۲۰ |
| کافی | ۱۰ |
| چائے | ۱۰ |

بچوں کی کُل تعداد ____________

جدول معلوم کیجیے۔

- بچے جو دودھ پسند کرتے ہیں وہ بچوں کی کل تعداد کا ۱/۴ / ۱/۲ ہیں۔
- بچے جو کافی پسند کرتے ہیں وہ بچوں کی کل تعداد کا ۱/۲ / ۱/۴ ہیں۔

چائے، کافی یا دودھ کو پسند کرنے کی عادت کو چپاتی چارٹ سے دکھایئے۔